چانسلر کا ضابطہ

زمرہ: **طلبا** جاری کردہ:5/13/11 نمبر: **A-250**

موضوع: ملازمت کے سرٹیفیکٹ صفحہ: 1 کا 1

تبدیلیوں کا خلاصہ

یہ ضابطہ چانسلر کے ضابطے A-250 مورخہ 20 نومبر، 2008 کی جگہ نافذالعمل ہے۔

<u>تبدیلیاں:</u>

- انٹرمیڈیٹ اسکولوں کے حوالوں کو مڈل اسکولوں میں تبدیل کیا جا چکا ہے (صفحہ 1 ، اختصار؛ صفحہ 2 ، حصہ III؛ صفحہ 3، حصہ IV)۔
- ضلعی خاندانی حمایتی نمائندوں اور برو کے خاندانی حمایتی نمائندوں کو اسکول بند ہونے کے دوران اور دیگر محدود صورتِ حال میں ہر قسم کے ملازمت کے سرٹیفیکٹ اور اجازت نامے جاری کرنے کا اختیار ہے۔ (صفحہ 2 ، حصہ III؛ صفحہ 3، حصہ IV (C))۔

A-250 ملازمت کے سرٹیفیکٹ

اختصار

یہ ضابطہ چانسلر کے ضابطے A-250 مورخہ 20 نومبر، 2008 کی جگہ لیتا ہے اور اس کی جگہ نافذ العمل ہے اور نیو یارک شہر کے طلبا کے لیے ملازمت کے لیے سرٹیفیکٹ کے اجرا کے لیے طریقہ کار کی خاکہ کشی کرتا ہے- ریاستی قانون اہلیت رکھنے والے طلبا کے لیے ملازمت کے سرٹیفیکٹ جاری کرنے کے کا تقاضا کرتا ہے- صرف تقرر کردہ عملے کے ارکان (عوامی یا غیر عوامی) کو ملازمت کے سرٹیفیکٹ جاری کرنے کا قانونی اختیار ہے- تمام پبلک ہائی اسکولوں اور مڈل اسکولوں سے ان کے اسکول میں شرکت کرنے والے ان طلبا کے لیے ملازمت کے سرٹیفیکٹ جاری کرنا مطلوب ہے جو ایسے سرٹیفیکٹ کے لیے درخواست دیں- تمام پبلک ہائی اسکولوں سے غیر پبلک اسکولوں میں شرکت کرنے والے طلبا کے لیے ملازمت کے سرٹیفیکٹ جاری کرنا مطلوب ہے- تمام پبلک اسکولوں سے ہر تعلیمی سال کے آخری دن تک ملازمت کے سرٹیفیکٹ جاری کرنا مطلوب ہے- وہ ہائی اسکول اور مڈل اسکول جو موسمِ گرما کے دوران تعلیم دینے کے لیے کھلے ہوں گے ان سے موسمِ گرما کے دوران ملازمت کے سرٹیفیکٹ جاری کرنا مطلوب ہے-

I. ملازمت کے سرٹیفیکٹ کے لیے مطلوبات

A. 18 سال سے کم عمر تمام نابالغ بچوں (بشمول کالج کے طلبا، ہائی اسکول کے سند یافتگان، شادی شدہ اور رضاکار کارکنان) کے لیے کام کرنے کے لیے ملازمت کے سرٹیفیکٹ حاصل کرنا لازمی ہے- (استثنائات ذیل میں بیان کیے گئے ہیں) - البتہ، ایک ایسے کم عمر بچے کے لیے ملازمت کا سرٹیفیکٹ مطلوب نہیں ہے جو 16 سال یا اس بڑی عمر کا ہے اور ایک تسلیم شدہ اعلٰی تعلیمی ادارہ میں شرکت کر رہا ہے اور ایک غیرنفعی کالج یا یونیورسٹی کے زیرِ ملازمت ہے- 14 سال یا اس سے بڑی عمر کے ان نابالغ بچوں کو ملازمت کے سرٹیفیکٹ کی ضرورت نہیں ہے جو گولف کے میدان میں بطور مدد گار، بطور بے بی سٹر یا عارضی ملازمت کریں جس میں باغ (یارڈ) کا کام یا گھر کے کام کاج شامل ہوں نیز کسی ایسی رہائش یا احاطے میں یا اس کے اردگرد جو کسی غیر نفعی، یا غیر تجارتی تنظیم کا ہو، جس میں مشین چلانا شامل نہ ہو- زراعت کا کام کرنے والے 16 سال کی عمر بچوں کے لیے ملازمت کا سرٹیفیکٹ مطلوب نہیں ہے- جب ایک طالبِ علم اپنی اٹھارویں (18) سالگرہ کو پہنچ جائے تو اس کے بعد ملازمت کے سرٹیفیکٹ مطلوب نہیں ہیں-

B. نیو یارک ریاست کے تعلیم اور مزدوروں کے قوانین کے مطابق ملازمت کے سرٹیفیکٹ ایک لازمی قانونی طریقہ کار ہے- اسکول کا عملہ جس کے سپرد ملازمتی تصدیق کا کام کیا گیا ہو وہ چانسلر کے نمائندے کے طور پر کام کرتا ہے-

II. ملازمت کے سرٹیفیکٹ کے طریقۂ ہائے کار:

A. ایک جونیئر ہائی اسکول یا ہائی اسکول کے پرنسپل یا تقرر کردہ فرد کے لیے لازمی ہے کہ تصدیق کی خدمات کے نظام الاوقات کا نفاذ کرے جو:

1. طلبا کی آبادی کو اس بات سے خبردار کرے کہ ملازمت کی تصدیق کی خدمات کب اور کہاں دستیاب ہوں گی-
2. ملازمت کی تصدیق کی خدمات کو اسکول کے کیلینڈر کے آخری سرکاری دن تک اور موسمِ گرما کے دوران (اگر یہ گرما کے دوران کھلے ہوں گے)، فراہم کرے-

B. نابالغ طلبا کو قانونی حق حاصل ہے کہ ان کو معقول ملازمت کے سرٹیفیکٹ جاری کیے جائیں- کسی قانونی وجہ کے بغیر اسکول کے ارباب اختیار اس سے منع نہیں کر سکتے- ماسوائے ان صورتوں کے جنہیں ذیل میں بیان کیا گیا ہے، جاری ہونے کے دو سال کے بعد ملازمت کا سرٹیفیکیٹ کارآمد نہیں رہتا ہے-

C. ملازمت کی تصدیق کے درخواست دہندگان (سوائے ماڈلنگ کرنے والے بچوں کے جو 12 سال سے کم عمر ہیں) کے لئے ضروری ہے کہ بذاتِ خود اس سرٹیفیکیٹ اور/ یا اجازت نامے پر دستخط کرنے کے لئے درخواست دیں-

D. ملازمت کی عمومی عمر کم سے کم 14 سال ہے- طلبا کو ان کی چودھویں (14) سالگرہ سے پہلے عمومی ملازمت کی سرٹیفیکیٹ فراہم **نہیں** کی جائے گی-

E. ضروری ہے کہ ملازمت کے تمام سرٹیفیکیٹ کو نمبر دیئے جائیں- سرٹیفیکیٹ کا ہر زمرے کو علحیدہ علحیدہ دو مسلسل نمبروں کے سلسلے میں ہونا لازمی ہے، ایک لڑکوں کے لئے اور ایک لڑکیوں کے لئے، جس کی ابتدا ہر تعلیمی سال کے ستمبر میں اس قسم کی سرٹیفیکیٹ کے پہلے اجراء سے ہونی چاہئے-

F. لازم ہے کہ ملازمت کی تصدیق کے ریکارڈز کو نابالغ بچے کی اکیسویں (21) سالگرہ تک اسکول میں کسی مرکزی فائل میں رکھا جائے- ان کو عدالت میں حاضر کرنے کے حکم کی صورت میں پیش کرنے کے لیے قابل دسترس ہونا چاہیئے- کسی اسکول کی منتقلی کے عمل میں آنے کی صورت میں ضروری ہے کہ انہیں متعلقہ طالب علم کے یکجا کئے گئے ریکارڈ میں منتقل کر دیا جائے-

G. اسکولوں کو چاہیئے کہ طلبا کو مشورہ دیں کہ اگر وہ اپ اسٹیٹ نیویارک کی برادریوں میں ملازمت کرنا چاہتے ہیں تو انہیں چاہیئے کہ نیو یارک شہر چھوڑنے سے پہلے ملازمت کے سرٹیفیکیٹ حاصل کر لیں- اگر مطلوبہ دستاویزات دستیاب ہوں تو نیو یارک شہر سے باہر بھی ملازمت کے سرٹیفیکیٹ کو حاصل کیا جا سکتا ہے-

H. اداکار بچوں کے اجازت نامے صرف نیویارک ریاست مزدوروں کے محکمۂ، شعبہ برائے مزدوروں کے معیارات، پرمٹ اینڈ سرٹیفکیٹ پروگرام سے حاصل کیے جاسکتے ہیں- معلومات مزدوروں کے محکمۂ کی ویب سائٹ www.labor.state.ny.us سے حاصل کی جاسکتی ہیں-

I. ریاستی قانون 18 سال سے کم عمر نابالغ بچوں کے لئے مجاز اوقات کار کو منظم کرتا ہے (منسلکہ 1 – " نابالغ بچوں کے لئے کام کے اجازت کردہ اوقات کار" اور منسلکہ 4 "استثناء کی وضاحت" کو ملاحظ کریں)- مخصوص حالات کے تحت تعلیمی سال کے دوران جبکہ اسکول کھلا ہوا ہو اوقات کو توسیع دی جاسکتی ہے، اور لازم ہے کہ اس کو متعلقہ طالب علم کے اسکول میں موجود تصدیقی افسر منظور کرے- (منسلکہ 2 – اطمینان بخش تعلیمی حیثیت کی مثال کو ملاحظ کریں)-

III. ملازمت کا ایک تصدیق نامہ حاصل کرنا

ملازمت کے ایک سرٹیفیکیٹ کے حصول کے لئے، ضروری ہے کہ طالب علم ایک "درخواست برائے ملازمتی سرٹیفیکٹ" کا فارم (فارم AT-17)، منسلکہ 3 دیکھیں) جاری کرنے والے اہلکار کے پاس جمع کروائے- یہ فارم ذیل سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے-http://schools.nyc.gov/StudentSupport/StudentAttendance/WorkingPapers/default.htm

"درخواست برائے ملازمتی سرٹیفیکٹ" کا فارم اور ملازمت کے سرٹیفیکٹ کی تمام اقسام اور اجازت ناموں کو متعلقہ طالب علم کے پبلک ہائی اسکول، جونیئر ہائی اسکول یا مڈل اسکول سے حاصل کیا جا سکتا ہے- جب پبلک اسکول بند ہوں تو ملازمت کے سرٹیفیکٹ کو ضلعی خاندانی حمایتی نمائندے یا برو خاندانی حمایتی نمائندے سے حاصل کیا جاسکتا ہے-

"درخواست برائے ملازمتی سرٹیفیکٹ ("فارم AT-17) مندرجہ ذیل چھ حصوں پر مشتمل ہوتا ہے:

حصہ I – والدین کی اجازت

درخواست دہندہ اور والدین/ سرپرست کے ذریعے مکمل کیا جائے- والدین یا سرپرست پر لازم ہے کہ اس درخواست پر دستخط کریں-

کل وقتی ملازمت کے لئے (صرف پہلا سرٹیفیکیٹ)، ضروری ہے کہ والدین یا سرپرست اس درخواست پر دستخط کرنے کے لئے مرکز تصدیق میں آئیں سوائے اس کے کہ نابالغ بچہ ہائی اسکول کا فارغ التحصیل ہو اور دستاویزات کو پیش کرے-

جز وقتی ملازمت اور دیگر تمام ملازمتی تصدیق کے لئے، لازم ہے کہ والدین یا سرپرست درخواست پر دستخط کریں، لیکن ذاتی طور پر حاضر ہونا ضروری نہیں ہے-

حصہ II – عمر کا ثبوت

مندرجہ ذیل اصل دستاویزات بطور عمر کا قابل قبول ثبوت ہیں، بشرطیکہ ان پر نابالغ نوجوان کی تاریخ پیدائش درج ہو: پیدائشی سرٹیفیکیٹ، (سرکاری مہر کے ساتھ)، بیپٹزم کا تصدیق شدہ ریکارڈ، پاسپورٹ (موجودہ یا مدت ختم ہوا)، شہریت کے کاغذات، اور ڈرائیونگ لائسنس یا کوئی اور عمر کا ثبوت جو اسکول کے ریکارڈ میں دو سال یا اس سے زیادہ عرصے سے موجود ہو-

حصہ III – جسمانی تندرستی کا سرٹیفیکٹ

یہ لازمی ہے کہ درخواست دہندہ کسی ڈاکٹر کا نوٹ پیش کرے جس پر طبی خدمات فراہم کنندہ کے، محکمۂ صحت یا نجی معالج نے یہ بیان کرتے ہوئے **سیاہی** سے دستخط کیے ہوں کہ طالب علم کام کرنے کے لئے اچھی صحت کا حامل ہے- اگر ڈاکٹر کا نوٹ پابندیوں کی نشاندہی کرتا ہے، تو جاری کرنے والا اہلکار درخواست دہندہ کو "محدود ملازمتی سرٹیفیکٹ" دے گا اور پیشے، آجر اور مدت ختم ہونے کی تاریخ کی نشان دہی براہ راست اس کے ملازمت کے سرٹیفیکٹ پر کرے گا-

حصہ IV – پیمان ملازمت

متوقع آجر کے لیے یہ حصہ صرف مندرجہ ذیل حالات میں مکمل کرنا لازمی ہے: درخواست دہندہ 16 یا 17 سال کا ہو جو کل وقتی ملازمت کی تلاش میں ہو اور یہ ہائی اسکول سے سندیافتہ نہ ہوا ہو؛ یا اس صورت میں کہ جب درخواست دہندہ کو ایک "محدود ملازمت کا سرٹیفیکٹ" جاری کیا جا رہا ہو-

حصہ V – اسکول جانے کا ریکارڈ

اس حصے کو متعلقہ طالب علم کے اسکول کے ذریعے مکمل کرنا لازمی ہے بشرطیکہ وہ اسکول کو چھوڑ کر جا رہا ہو اور اس کی عمر 16 سال سے زیادہ ہو اور یہ ایک کل وقتی ملازمت کا سرٹیفیکٹ حاصل کر رہا ہو-

حصہ VI – ملازمت کی تصدیق

درخواست کا یہ حصہ ان معلومات کو قلم بند کرتا ہے جس کا تعلق ملازمت کے سرٹیفیکٹ کے اجراء سے ہے- اس میں جاری کردہ سرٹیفیکٹ کا مستند نمبر، تاریخ اجراء، مرکز اجراء اور پتہ شامل ہوتا ہے، نیز جاری کرنے والے اہلکار کے دستخط-

A. کل وقتی ملازمت کے سرٹیفیکٹ کا وہ درخواست دہندہ جو 16 یا 17 سال کی عمر کا ہے اور خواہشمند ہے کہ فارغ التحصیل ہونے سے پہلے ہی اسکول کو چھوڑ دے تو اس کے لیے لازمی ہے کہ اس کے پاس والدین کی اجازت ہو اور یہ ایک منصوبہ بندی انٹرویو میں شرکت کرے- منصوبہ بندی کے انٹرویو کو اسکول میں کوئی رہنما مشیر، نائب پرنسپل، پرنسپل یا پرنسپل کے نامزد کردہ لیتے ہیں- منصوبہ بندی انٹرویو کا مقصد بائی اسکول ڈپلومہ کی اہمیت کو تقویت دینا ہے، اور اسکول جاری رکھنے کے امکان پر بات چیت کرنا اور یہ کہ متبادل تعلیمی پروگراموں کے بارے میں اور طالب علم کے اس حق کے بارے میں معلومات طالب علم کو فراہم کی جائیں کہ 21 سال کی عمر تک اس کو اسکول جانے کا حق ہے-

B. اگر کوئی نابالغ بچہ فی الحال جز وقتی بنیاد پر ایک سے زائد آجر کے ہاں ملازم ہے، تو ضروری ہے کہ ہر آجر اس نابالغ بچے کی ملازمت کے دوران ایک اصلی ملازمت کے سرٹیفیکیٹ کو فائل میں رکھے- ایک درخواست (فارم AT-17)، بمعہ مکمل شدہ اور دستخط شدہ حصہ I (والدین کی اجازت) کو ہر اضافی ملازمت کے سرٹیفیکٹ کے لئے جاری کرنے والے افسر کو لازمی طور پر پیش کیا جانا لازمی ہے-

C. کوئی گمشدہ یا ناقص ملازمتی سرٹیفیکٹ کو اس وقت بدلا جا سکتا ہے جب طالب علم ایک دوسری درخواست (AT-17) پیش کرے - بعد والی درخواست کے صرف حصہ I (والدین کی اجازت) کو مکمل کرنے کی ضرورت ہے بشرطیکہ اصل تصدیقی دستاویزات (گذشتہ مکمل کردہ درخواست اور جسمانی صحت کی سرٹیفیکٹ ایک سال کے اندر) اس دفتر کی فائل میں موجود ہوں جو متبادل سرٹیفیکیٹ جاری کررہا ہے-

IV تصدیقی مقامات

تمام پبلک اسکول، جونیئر اسکول اور مڈل اسکول درخواست کرنے پر ان کے اسکول میں شرکت کرنے والے طلبا کو ملازمت کے سرٹیفیکٹ جاری کریں گے- تمام پبلک بائی اسکولوں کو درخواست کرنے پر ان طلبا کو ملازمت کے سرٹیفیکٹ جاری کرنے چاہئیں جو غیر پبلک اسکولوں میں شرکت کرتے ہوں-

A. **پبلک اسکول** – اسکول کا متعین کردہ عملہ ذیل کو ملازمت کے سرٹیفیکٹ جاری کرتا ہے:

1. تمام طلبا جو 14 سے 17 سال کے ہیں اور جو ان کے رجسٹر میں درج ہیں-
2. تمام سابقہ طلبا جو 16 سے 17 سال کے ہیں اور جو موجودہ تاریخ کے ایک سال کے اندر ایک بائی اسکول کے رجسٹر سے برخاست کر دیئے گئے ہوں اور انہوں نے نیو یارک شہر کے کسی دوسرے پبلک اسکول میں داخلہ نہ لیا ہو-
3. تمام طلبا جو 11 سے 17 سال کی عمر کے ہوں اور وہ اخبار تقسیم کرنے کے اجازت نامے کے خواہاں ہوں-
4. تمام بائی اسکولوں سے غیر پبلک اسکول کے ان طلبا کو ملازمت کے سرٹیفیکٹ جاری کرنا مطلوب ہے جن کے اسکول ملازمت کے سرٹیفیکٹ جاری نہیں کرتے- غیر پبلک اسکول کے طلبا کے لیے موجودہ اسکول کے رجسٹریشن کی دستاویزات کو پیش کرنا لازمی ہے-

B. **غیر پبلک اسکول** - نجی اور مذہبی تنظیم کے اسکولوں میں متعین عملہ ملازمت کے سرٹیفیکٹ کو جاری کر سکتا ہے اور اس بات پر ان کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ یہ ایسا کریں تاکہ یہ اپنے طلبا کو سہولت فراہم کر سکیں- غیرپبلک اسکول نیویارک شہر محکمہ تعلیم کی جانب سے دی گئی تربیت کامیابی سے مکمل کرنے کے بعد ملازمت کے سرٹیفیکٹ جاری کرنے کے مجاز ہیں- تربیت درخواست کرنے پر دی جاتی ہے- ملازمت کے سرٹیفیکٹ کو غیر پبلک اسکول بھی جاری کر سکتے ہیں جیسا کہ ذیل میں بیان کیا گیا ہے:

1. 14 سے 17 سال کی عمر کے وہ تمام طلبا جو ان کے رجسٹروں میں درج ہیں-
2. 11 سے 17 سال کی عمر کے ایسے تمام طلبا جو ان کے رجسٹروں میں موجود ہوں اور جو اخبار تقسیم کرنے کے اجازت نامے کے خواہاں ہیں-

C. ضلعی خاندانی حمایتی نمائندے اور برو خاندانی حمایتی نمائندے ذیل کو تمام قسم کے ملازمت کے سرٹیفیکٹ اور اجازت نامے جاری کرنے کے لیے دستیاب ہیں:

1. اسکولوں کے بند ہونے کی صورت میں جز وقتی ملازمتی سرٹیفیکٹ کے خواستگار طلبا کو-
2. 18 سال سے کم عمر نابالغان کو جو خصوصی پیشے کی اجازت کی درخواست کرتے ہیں (ماڈلنگ کرنے والے نوعمر، اخبار تقسیم کرنے والے، سڑکوں پر تجارت اور کھیت میں کام کرنے والے)-
3. غیر پبلک اسکول کے 18 سال سے کم عمر طلبا کو، اگر ان کا اسکول سرٹیفیکٹ جاری نہ کرتا ہو-

4. ریاست سے باہر کے 18 سال سے کم عمر نابالغان کو-

V. ملازمت کے سرٹیفیکٹ اور ملازمت کے اجازت ناموں کی اقسام

A. **کل وقتی ملازمت کے سرٹیفیکٹ –** 16 سے 17 سال کی عمر کے ایسے نابالغ بچوں کو جاری کیے جاتے ہیں جنہوں نے جز وقتی ملازمت کے لئے "پیمان ملازمت" کو حاصل کر لیا ہو، دن کے اسکول کو چھوڑنے کا ارادہ ظاہر کیا ہو، اور ان کا اخراجی انٹرویو ہو چکا ہو، یا وہ بائی اسکول کے فارغ التحصیل ہوں-

B. **طالب علم کی عام ملازمت کے سرٹیفیکٹ –** 16 سے 17 سال کے ایسے نابالغ بچوں کو جاری کیے جاتے ہیں جنوں نے دن کے اسکول میں اندراج تو کروایا ہو لیکن اسکول کے اوقات کار کے بعد، تعطیلات کے دوران، یا دونوں صورتوں میں کام کرنے کے خواہشمند ہوں-

C. **طالب علم کی فیکٹری کے علاوہ ملازمت کے سرٹیفیکٹ –** 14 یا 15 سال کے ایسے نابالغ بچوں کو جاری کیے جاتے ہیں جنہوں نے دن کے اسکول میں اندراج تو کروایا ہو لیکن اسکول کے اوقات کار کے بعد، تعطیلات کے دوران، یا دونوں صورتوں میں کام کرنے کا خواہشمند ہو-

D. **محدود ملازمت کے سرٹیفیکٹ –** 14 سے 17 سال کی عمر کے ایسے نابالغ بچوں کو جاری کیے جاتے ہیں جن پر کام کرنے کی کچھ طبی پابندیاں ہوں، بیان کیے گئے اس مخصوص قسم کے سرٹیفیکٹ کے مطابق (جز وقتی، طالب علم عام یا فیکٹری کے علاوہ)- ایک محدود ملازمت کا سرٹیفیکٹ چھ ماہ کی مدت کے لئے کارآمد ہوتا ہے- تاہم، اگر جانچ کرنے والا معالج محدود جسمانی صحت کے سرٹیفیکٹ پر اس بات کی نشاندہی کرے کہ متعلقہ نابالغ بچے کی جسمانی معذوری دائمی نوعیت کی ہے، تو ایسی صورت میں وہ سرٹیفیکٹ چھ ماہ کے بعد بھی کارآمد رہتا ہے، بلکہ اس وقت تک کارآمد رہے گا جب تک کہ پیمان ملازمت میں بیان کردہ کام کی نوعیت اور قسم ایک جیسی ہی رہے-

E. **بچوں کی ماڈلنگ کرنے کا اجازت نامہ –** ڈاکٹر کے اصل نوٹ، اسکولی ریکارڈ (اگر اسکول جانے کی عمر ہو)، اور عمر کے ثبوت کو جمع کروانے پر، طفولیت سے 17 سال کی عمر تک کے نابالغ بچوں کو جاری کیے جاتے ہیں-

F. **سڑکوں پر تجارت کرنے کا اجازت نامہ –** 14 سے 17 سال کی عمر کے نابالغان کو سڑکوں یا دیگر عوامی مقامات پر اخبارات (فراہم کرنے والوں سے خریدے گئے) یا باقاعدہ شائع ہونے والے رسالوں وغیرہ کو فروخت کرنے کے پیشے میں مشغول ہونے کے لیے جاری کیے جاتے ہیں- اس میں 14 سال کا ذاتی پیشہ رکھنے والا وہ نابالغ بچہ بھی شامل ہے جو سڑکوں یا دیگر عوامی مقامات پر بطور جوتا پالش کرنے والے کا کام کرتا ہے- (فارم AT-22)-

G. **کھیت میں کام کرنے کے اجازت نامے – خصوصی –** 12 سال سے زائد عمر کے نابالغ بچوں کو جاری کیے جاتے ہیں تاکہ وہ بیریوں، پھلوں اور سبزیوں کی فصلوں میں دستی طور پر کام کر سکے- (فارم AT-25)-

H. **کھیت میں کام کرنے کے اجازت نامے –** 14 یا 15 سال کے نابالغ بچوں کو جاری کیے جاتے ہیں تاکہ وہ کھیتوں میں کام کرنے کے پیشے میں مشغول ہو سکیں- (فارم AT-222)-

I. **اخبار تقسیم کرنے کے اجازت نامے –** 17 سال تک کے نابالغ بچوں کو جاری کیے جاتے ہیں (تنخواہ کی بنیاد پر ملازم) تاکہ وہ اخبارات یا دیگر مطبوعہ مواد کو گاہکوں کو ان کے گھر پر یا ان کے کاروباری مقامات پر پہنچانے کے پیشے میں مشغول ہو سکیں- اخبار تقسیم کرنے کے اجازت ناموں کے لئے کسی جسمانی تندرستی کے سرٹیفیکٹ درکار نہیں ہوتے بشرطیکہ متعلقہ درخواست دہندہ کے پاس یہ دستاویز موجود ہو کہ وہ اس کا اہل ہے-

VI. منسوخی

اگر اسکول کے اہلکار اس بات کا تعین کرتے ہیں کہ ملازمت بچے کی اسکول میں مطلوبہ حاضری، اسکول میں کارکردگی، صحت اور بہبود کو متاثر کررہی ہے تو یہ ایک سرٹیفکٹ یا اجازت نامے کو منسوخ کر سکتے ہیں- اس کے علاوہ، اگر اسکول کے اہلکار یہ دریافت کرتے ہیں کہ سرٹیفیکٹ یا جازت نامے کا اجراء غلط معلومات کی بنیاد پر گیا تھا تو یہ سرٹیفیکٹ یا اجازت نامے کو منسوخ کر سکتے ہیں، ایسی صورتِ حال میں اسکولی اہلکاروں کے لیے لازمی ہے کہ سرٹیفیکٹ یا اجازت نامے کو منسوخ کرنے سے قبل ایک واجب نوٹس مہیا کریں-

VII. استفسارات

اس ضابطے سے متعلق استفسارات کو ذیل پتے پر بھیجا جانا چاہیئے:

Office of School and Youth Development
N.Y.C. Department of Education
52 Chambers Street
New York, NY 10007

ٹیلیفون: 212 -374- 6095

فیکس: 212- 374 -5751